© rasailojaraid.com



میں اپنی ہستی کو فراموش کردیا ہے اور طالبانِ حقیقت و رہ نوردانِ شاہ راہِ معرفت کو

"العجز عن درک الادراک ادراک"

کا تسمۂ جاں نواز لگاکر، عرفانی رمز کشائی میں مشغول و منہمک بنادیا ہے۔

جستجو میں تری دوڑیں نہ جو ٹوٹیں وہ پاؤں

سر وہ کٹ جائے کہ جس میں نہ ہو سودا تیرا

والسلام علی من اتبع الھدیٰ

---

# "اُردو زبان اور تفسیر قرآن"

کے نام سے ایک اہم کتاب کی ترتیب و تدوین ہو رہی ہے جس میں ان تمام مصنفین و مولفین کا تذکرہ ہوگا، جنھوں نے اُردو زبان میں قرآن عزیز کی کوئی مستقل تفسیر لکھی ہے یا کسی عربی تفسیر کا ترجمہ کیا ہے یا کم ازکم کسی قرآنی مسئلہ پر کوئی تصنیف کی ہے۔

لہٰذا اس امر کا اعلان کیا جاتا ہے کہ جن حضرات نے اُردو زبان میں قرآنِ عزیز کی کوئی خدمت کی ہو وہ اپنا مختصر سا تذکرہ اپنی کتاب کے ساتھ روانہ فرمادیں تاکہ ہم کو درج کرنے کا موقع ملے۔

حضرات اہل علم سے قوی اُمید کی جاتی ہے کہ وہ ضرور قرآن اور اُردو زبان کی اس خدمت میں ہمارا ہاتھ بٹائینگے۔

معتمد دائرہ قرآنیہ سید صبغۃ اللہ حسینی بختیاری (فاضل دیوبند)

اُستاذ جامعہ دارالسلام۔ عمرآباد۔ ضلع شمالی ارکاٹ



© rasailojaraid.com